تعلیم مکمل کرنے کی دلیل دے کر بیٹی کو شادی کرنے سے منع کرنا

يمنعها والدها من الزواج بحجة إكمال تعليمها

[urdu - اردو - أردو]

الشيخ محمد بن صالح العثيمين

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ
تنسیق: اسلام ہا ؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب
تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434

IslamHouse.com

تعلیم مکمل کرنے کی دلیل دے کر بیٹی کو شادی کرنے سے منع کرنا

میرے کئی ایك رشتے آئے لیکن والد صاحب نے یہ کہہ کر رد کر دیے کہ ابھی میری تعلیم مکمل نہیں ہوئی، میں نے والدین کو منانے کی کوشش کی کہ مجھے شادی کی رغبت ہے اور شادی میری تعلیم میں رکاوٹ پیدا نہیں کریگی، لیکن والدین اپنے موقف پر قائم رہے، تو کیا والدین کی رضامندی کے بغیر میرے لیے شادی کرنا جائز ہے، وگرنہ مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

الحمد للہ:
بلاشك مناسب رشتہ آنے پر بھی والد کا آپ کی شادی نہ کرنا حرام کام ہے، اور پھر شادی تو تعلیم سے بھی اہم ہے، اور تعلیم شادی کے منافی نہیں کیونکہ دونوں کام ہی ہو سکتے ہیں شادی کے بعد بھی تعلیم جاری رہ سکتی ہے.
اور آپ جس حالت سے دوچار ہیں اس میں آپ کے لیے شرعی عدالت سے رجوع کرنا جائز ہے تا کہ جو ہوا ہے وہ بیان کر سکیں اور پھر آخری فیصلہ شرعی عدالت کا ہو گا " انتہی
فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.
دیکھیں: فتاوی المراۃ المسلمۃ (٢ / ٧٠٤) ترتیب اشرف بن عبد المقصود.